SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**May 25, 2017**
***For immediate release***

ایس ای سی پی کا کمپنی رجسٹریشن کے طریق کار پر سیمینار

اسلام آباد(25 مئی)سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے نئے کاروبار شروع کرنے والے نوجوانوں کو کمپنی رجسٹرڈ کروانے کے طریق کار سے آگہی دینے کے لئے سیمینار منعقد کیا۔

سیمینار میں ابھرتے ہوئے کاروباری نوجوانوں کو نئی کمپنی کو رجسٹرڈ کروانے، اس کی شرائط اور ضروری دستاویزات کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔ شرکا کو ان کاروباری سرگرمیوں کے بارے میں بھی بتایا گیا جن کے لئے ریگولیٹر سے لائسنس کا حصول ضروری ہوتا ہے اور ان کے لئے کون کون سی شرائط ہوتی ہیں۔

شرکا کو کمپنی رجسٹریش کے آن لائن طریقہ اور ایس ای سی پی کے ای سروسز کے تحت دستیاب سہولتیں کے بارے میں بھی تفصیل سے بتایا گیا۔ شرکا کو بتایا گیا کہ ایس ای سی پی کی جانب سے ای سروسز میں رجسٹریشن کا نیا طریق کار متعارف کروادیا گیا ہے اور اب نہایت ہی آسان طریقہ سے صرف قومی شناختی کارڈ اور موبائل فون نمبر کی معلومات فراہم کرکے ای سروسز میں رجسٹریشن حاصل کی جاسکتی ہے۔ سیمینار کے شرکا کو رجسٹریشن کی فیسوں میں کمی کے بارے میں بھی بتایا گیا۔

سیمینار میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے کاروباری نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور سولات وجوابات کے سلسلے سے سیمینار میں دلچسپی ظاہر کی اور ملک میں کاروبار کرنے کو آسان بنانے کے لئے ایس ای سی پی کی کاوشوں کو سراہا۔